© rasailojaraid.com



☆......تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا بھیجنا ضروری ہے

☆......کتابیں مرکزی دفتر کے پتے پر ارسال فرمائیں

## ''سرجری اور آپریشن کے شرعی احکام''

مولف: مولانا مفتی اقبال حسین صابری۔ صفحات: 320، طباعت: عمدہ۔ قیمت: لکھی نہیں۔ ملنے کا پتا: مکتبہ عثمانیہ، اقبال مارکیٹ، اقبال روڈ، کمیٹی چوک، راولپنڈی۔ فون 0333-5141413

''سرجری اور آپریشن کے شرعی احکام'' اپنے نام اور نوعیت کے اعتبار سے اہم کتاب ہے۔ اسے مولانا مفتی اقبال حسین صابری صاحب نے تالیف کیا ہے۔ بلاشبہ زمانہ جوں جوں آگے بڑھ رہا ہے نت نئی ترقیاں انسان کو نہ صرف ورطۂ حیرت میں ڈال رہی ہیں بلکہ نئے مسائل بھی پیدا ہو رہے ہیں۔ ان میں ایک اہم ترین معاملہ میڈیکل سائنس کا ہے۔ انسانی جسم پر اس قدر تحقیقات ہو چکی ہیں کہ وہ بجائے خود حیران کن عمل ہے۔ انسانی جسم کے معالجے میں سرجری کو ہمیشہ اہمیت حاصل رہی ہے۔ جدید میڈیکل سائنس کی پیش رفت شریعت کی نظر میں کیا حیثیت رکھتی ہے؟!......زیر تبصرہ کتاب میں اسی حوالے سے لوازمہ پیش کیا گیا ہے۔ آپ عنوانات سے ہی اندازہ لگا سکتے ہیں۔ مثلاً: علاج، معالجہ، مریض اور ڈاکٹر سے متعلق ہدایات۔ انتقال خون کی تحقیق اور اس کے مسائل۔ سرجری کی اقسام اور ان کے احکام۔ سرجری برائے پوسٹ مارٹم۔ سرجری برائے ولادت۔ آپریشن برائے نس بندی۔ آپریشن برائے تبدیل جنس۔ پلاسٹک سرجری۔ بالوں کی پیوندکاری کا شرعی حکم......وغیرہ۔

مولف اپنے پیش لفظ میں لکھتے ہیں: ......''میڈیکل یا طب جدید ایک بہت وسیع موضوع ہے، جس کے متعلق علماء کرام اور فقہاء کرام اپنی کتب میں بہت کچھ لکھ چکے ہیں۔ میڈیکل کے شعبہ جات میں ایک اہم شعبہ آپریشن بھی ہے۔ آپریشن کے بارے میں بھی علماء کرام نے مختلف فتاویٰ جات میں اس کے شرعی احکام کے بارے میں لکھا ہے۔ اس موضوع پر چوں کہ کوئی مستقل کتاب بندے کی نظر سے نہیں گزری، موضوع بھی نیا ہے، اللہ کا نام لے کر لکھنا شروع کیا۔''

کتاب اپنے مشمولات کے اعتبار سے اہم ہے۔ طب کے شعبے سے تعلق رکھنے والے احباب خصوصاً ڈاکٹر حضرات کو اس کتاب کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیے۔ کتاب کے آغاز میں شیخ الحدیث مولانا مفتی خلیل احمد زید مجدہم، حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی زید مجدہم اور مولانا مفتی محمد طفیل زید مجدہم کی تقاریظ شامل اشاعت ہیں۔



© rasailojaraid.com